سوال

صدقہ

جواب

صدقہ کی تعریف السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ صدقہ کیا ہے اس کی شرعی تعریف کریں؟ صدقہ اور خیرات میں فرق کیا ہے؟ صدقے کا گوشت کھانا کیسا ہے جو عام طور پر لوگ دیتے ہیں اور لوگ کہتے ہیں یہ صدقے کا گوشت ہے یہ نہ کھایا جائے اس کی وضاحت کریں۔؟ اور مصارف صدقہ کون ہیں۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے جو مال غرباء ومساکین کو دیا جاتا ہے یا خیر کے کسی کام میں خرچ کیا جاتا ہے، اسے "صدقہ" کہتے ہیں، صدقہ کی تین قسمیں ہیں: ۱: فرض، جیسے زکوٰۃ۔ ۲: واجب، جیسے نذر، صدقۂ فطر اور قربانی وغیرہ۔ ۳: نفلی صدقات، جیسے عام خیر خیرات۔ صدقہ وخیرات تو ایک ہی چیز کے دو نام ہیں، یعنی جو مال اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے کسی خیر کے کام میں خرچ کیا جائے وہ صدقہ وخیرات کہلاتا ہے۔ صدقے کا گوشت اگر فرضی صدقہ سے تعلق رکھتا ہو تو اس کو صرف غریب غرباء کھا سکتے ہیں، غنی نہیں کھا سکتے، کیونکہ یہ لوگوں کے مالوں کا میل کچیل ہوتا ہے۔ جس سے اغنیاء کو پرہیز کرنا چاہئے۔ صدقہ کے مصارف درج ذیل ہیں۔ مصارف زکوٰۃ ارشاد باری تعالیٰ ہے: إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ O (التوبہ، 9 : 60) ''زکوٰۃ تو صرف ان لوگوں کے لئے جو محتاج اور نرے نادار (مسکین) ہوں اور جو اس کی تحصیل پر مقرر ہیں اور جن کے دلوں کو اسلام سے الفت دی جائے (اسلام کی طرف مائل کرنا ہو) اور (مملوکوں کی) گردنیں آزاد کرنے میں اور قرض داروں کو اور اللہ کی راہ اور مسافر کو، یہ ٹھہرایا ہوا (مقرر شدہ) ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ علم و حکمت والا ہے''۔ اس آیت مبارکہ میں آٹھ مصارفین کا ذکر موجود ہے۔ 1. فقراء 2. مساکین 3. عاملین زکوٰۃ (زکوٰۃ اکٹھی کرنے والے) 4. مؤلفۃ القلوب 5. غلام کی آزادی 6. مقروض 7. فی سبیل اللہ 8. مسافر ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی